## گرامر کا سبق 10b  مزید فیہ: اِتَّقٰی

اب ہم مزید فیہ میں اِتَّقٰی کے مختلف صیغے بنائیں گے (وَقٰی ← اِتَّقٰی)۔ یہ اِخْتَلَفَ کے وزن پر ہے اور اس کو اِوْتَقٰی ہونا چاہیے تھا مگر آسانی کے لیے اس کو اِتَّقٰی کر دیا گیا۔

یہ هَدٰی ہی کی طرح ہے اس لیے کہ اس کے آخر میں کھڑا زبر (ی کی شکل میں) ہے۔ آپ نے هَدٰی کے ٹیبل میں جو تبدیلیاں سیکھیں ہے وہ یہاں بھی جمع کے صیغوں کو بنانے میں کام آسکتی ہیں۔(هَدٰی، هَدَوْا، يَهْدِيْ، يَهْدُوْنَ، اِهْدِ، اِهْدُوْا، هَادٍ، هَادُوْنَ)

- مضارع کی چابی: يَتَّقِيْ
- امر کی چابی: آخری حرف سے پہلے زیر اور کمزور حرف غائب: اِتَّقِ
- اسم فاعل یا اسم مفعول: ماضی کی چابی پر مُ لگانا ہے اور آخری حرف پر دو زیر یا دو زبر: مُتَّقٍ، مُتَّقًى

اِتَّقٰی: وہ ڈرا/ بچا  (خانوں کے الفاظ میں 3 افعال کی چابیاں ہیں اور 3 اسماء کی چابیاں)

| فعل ماضٍ | | فعل مضارِع | | فعل أمر، فعل نهی، اسم فاعل، اسم مفعول، کام کا نام | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِتَّقٰی | وہ ڈرا | يَتَّقِيْ | وہ ڈرتا ہے/ ڈرے گا | اِتَّقِ | ڈر! |
| اِتَّقَوْا | وہ سب ڈرے | يَتَّقُوْنَ | وہ سب ڈرتے ہیں/ ڈریں گے | اِتَّقُوْا | ڈرو! |
| اِتَّقَيْتَ | آپ ڈرے | تَتَّقِيْ | آپ ڈرتے ہیں/ ڈریں گے | لَا تَتَّقِ | مت ڈر! |
| اِتَّقَيْتُ | میں ڈرا | أَتَّقِيْ | میں ڈرتا ہوں/ ڈروں گا | لَا تَتَّقُوْا | مت ڈرو! |
| اِتَّقَيْتُمْ | آپ سب ڈرے | تَتَّقُوْنَ | آپ سب ڈرتے ہیں/ ڈریں گے | مُتَّقٍ | ڈرنے والا |
| اِتَّقَيْنَا | ہم سب ڈرے | نَتَّقِيْ | ہم سب ڈرتے ہیں/ ڈریں گے | مُتَّقًى | جس سے ڈرا گیا |
| اِتَّقَتْ | وہ عورت ڈری | تَتَّقِيْ | وہ عورت ڈرتی ہے/ ڈرے گی | اِتِّقَاء | ڈرنا |

### ۞۞۞ عربی بول چال ۞۞۞

| | |
|---|---|
| هَلِ اتَّقَى اللهَ؟ | نَعَمْ، اِتَّقَى اللهَ. |
| هَلِ اتَّقَوُا اللهَ؟ | نَعَمْ، اِتَّقَوُا اللهَ. |
| هَلِ اتَّقَيْتَ اللهَ؟ | نَعَمْ، اِتَّقَيْتُ اللهَ. |
| هَلِ اتَّقَيْتُمُ اللهَ؟ | نَعَمْ، اِتَّقَيْنَا اللهَ. |

---

کلاس کے بعد آپس میں سوالات و جوابات کیجیے:

- فعل مضارع: هَلْ يَتَّقِي اللهَ؟ نَعَمْ، يَتَّقِي اللهَ.
- فعل امر: اِتَّقِ اللهَ! أَتَّقِي اللهَ.
- اسم فاعل/اسم مفعول: هَلْ أَنْتُمْ مُتَّقُوْنَ؟ نَعَمْ، نَحْنُ مُتَّقُوْنَ.

اِتَّقٰی ہی کی طرح اِفْتَرٰی (اس نے جھوٹ گھڑا) کا پورا ٹیبل بنایا جا سکتا ہے۔ اسی طرح کچھ اور افعال بھی اسی اسٹائل پر آتے ہیں۔